برائے: ایچ ڈی ایس بی کے تمام والدین / سرپرست اور سیکنڈری کے طلباء

مضمون: لرننگ ماڈلز (پڑھائی کرنے کے طریقوں) میں تبادلہ (خود جا کر / ورچوئلی)

اکتوبر 1، 2020

یہ خط درج ذیل زبانوں میں ترجمہ کیا گیا ہے:

عربی ہندی پنجابی سادہ چینی زبان فرانسیسی ہسپانوی اردو

دیگر زبانوں کے لئے، یہاں کلک کریں۔

ایچ ڈی ایس بی کے عزیز خاندان،

ہم ایسے طلبا کو معلومات مہیا کرنے کے لئے یہ خط لکھ رہے ہیں جو نومبر میں لرننگ ماڈلز یعنی پڑھائی کے طریقوں میں تبادلہ کرنا چاہتے ہیں (یعنی خود جا کر پڑھنے کی بجائے ورچوئل **یا** ورچوئل کی بجائے خود جا کر پڑھائی کرنا)۔

ایسے خاندان جو پڑھائی کے طریقوں میں تبادلہ کرنا چاہتے ہیں، ان کے لئے، نیچے دی گئی تاریخوں کے مطابق، **چینج اِن ڈیلیوری ماڈل فارم** پُر کرنا لازمی ہے:

سیکنڈری کے طلباء (9ویں تا 12ویں جماعت):

- **5 اکتوبر، بروز پیر** – سیکنڈری کے طلباء کے خاندانوں کو فارم کی ترسیل
- **13 اکتوبر، بروز منگل (4:00 بجے شام)** – فارم جمع کروانے کی آخری تاریخ
- **16 نومبر، بروز پیر** – نئے لرننگ ماڈل (پڑھائی کے نئے طریقہ) کی ابتداء

ایلیمنٹری کے طلباء (کنڈر گارٹن تا 8ویں جماعت):

- **19 اکتوبر، بروز پیر** – ایلیمنٹری کے طلباء کے خاندانوں کو فارم کی ترسیل
- **27 اکتوبر، بروز منگل (4:00 بجے شام)** – فارم جمع کروانے کی آخری تاریخ
- **30 نومبر، بروز پیر** – نئے لرننگ ماڈل کی ابتداء

طلباء سے امید کی جاتی ہے کہ نومبر کے تبادلہ کی ان تاریخوں تک وہ اپنے موجودہ لرننگ ماڈل ہی میں پڑھائی جاری رکھیں۔

چینج ان ڈیلیوری فارم، **والدین / سرپرستوں کو مندرجہ بالا تاریخوں پر ای میل کیا جائے گا۔**

بھیجا جانے والا فارم، **محض** ان خاندانوں کے لئے ہے، جو اپنے پڑھائی کے طریقوں میں تبادلہ چاہتے ہیں۔ اگر آپ اپنا پڑھائی کا طریقہ تبدیل نہیں کرنا چاہتے، تو براہِ کرم، یہ فارم **پُر مت** کریں۔

مزید معلومات

پڑھائی کے دونوں طریقوں کے بارہ میں مزید معلومات حاصل کرنے کے لئے براہِ کرم ہماری سکول ری اوپننگ ویب سائٹ وزٹ کریں۔

ہم، ایچ ڈی ایس بی ویب سائٹ، سکول میسنجر ای میلز اور سکول کے سوشل میڈیا (ٹویٹر، فیس بک، انسٹاگرام) کے ذریعہ، آپ کو مطلع رکھنا جاری رکھیں گے۔